نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد کی کاشتکاروں کو کھادوں اور زرعی ادویات کی معیاری اور مقررہ نرخوں پر فراہمی کے لئے فیصل آباد میں منعقدہ اجلاس کی صدارت

افسران کھادوں اور زرعی ادویات کے مقررہ نرخوں پر فروخت کا ریکارڈ مرتب کرنے کے ساتھ ڈیمانڈ اینڈ سپلائی پر بھی کڑی نظر رکھیں۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد

لاہور 11 مئی 2022:( ) کھادوں اور پیسٹی سائیڈز کی بلیک مارکیٹنگ میں ملوث عناصر کے خلاف بلا تفریق قانون کے مطابق کاروائی عمل میں لائی جارہی ہے۔اس ضمن میں محکمہ زراعت کے افسران روزانہ بنیاد پر کھادوں اور پیسٹی سائیڈز کے مقررہ نرخوں پر فروخت کا ریکارڈ مرتب کرنے کے علاوہ طلب اور رسد پر بھی کڑی نظر رکھیں ان خیالات کا اظہار رانا علی ارشد ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب نے فیصل آباد ڈویژن میں اپنے دورہ کے موقع پر کیا۔اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) نے مزید کہا کہ ہماری آج کی ریویو میٹنگ خریف سیزن کی پہلی میٹنگ ہے جیسا کہ خریف سیزن شروع ہونے والا ہے اور محکمہ زراعت کسانوں کی دیگر معاملات میں رہنمائی کرتا ہے اس کے ساتھ ساتھ کسانوں کو معیاری اور سستی زرعی ادویات کی فراہمی بھی ان کے معاملات میں شامل ہیں۔اس سلسلہ میں محکمہ زراعت (توسیع) فیصل آباد، ساہیوال اور سرگودھا ڈویژن کے افسران آئندہ خریف سیزن کیلئے ٹارگٹ مقرر کرنے جارہے ہیں۔اس کے علاوہ بڑی وچھوٹی مارکیٹوں اور دور دراز کے دیہاتوں میں کھادوں اور زرعی ادویات کی 100% سمپلنگ کو یقینی بنایا جائے گا۔کاشتکاروں کے لئے ایک ایسا نظام مرتب کیا جارہا ہے جس میں وٹس ایپ نمبر 0300-2955539 کے ذریعے شکایات کو درج کروایا جاسکے گا۔وٹس ایپ نمبر تمام کھاد اور پیسٹی سائیڈ ڈیلرز، کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور محکمہ زراعت کے دفاتر میں آویزاں کیا جائے گا اور کاشتکاروں کی شکایات کا 24 گھنٹے میں ازالہ کیا جائے گا۔قبل ازیں فیصل آباد سرگودھا اور ساہیوال ڈویژن کے محکمہ زراعت (توسیع) اور پیسٹ وارننگ کے افسران نے کھادوں اور پیسٹی سائیڈز کی موجودہ صورت حال سے آگاہ کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ کھادوں اور پیسٹی سائیڈز کی ذخیرہ اندوزی اور ملاوٹ میں ملوث کھاد ڈیلرز کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا جارہا ہے۔اس ضمن میں فیصل آباد ڈویژن میں ذخیرہ اندوزی میں ملوث کھاد ڈیلرز کے خلاف 75 ایف آئی آرز کا اندراج عمل میں لایا گیا ہے جبکہ اس سلسلہ میں 16 افراد کو گرفتار کیا گیا ہے علاوہ ازیں مجموعی طور پر 65 لاکھ 64 ہزار سے زائد جرمانے عائد کئے گئے ہیں۔اسی طرح فیصل آباد ڈویژن میں 11 پیسٹی سائیڈ ڈیلرز کے خلاف ایف آئی آر درج کی گئی ہیں اور 11 افراد کی گرفتاری عمل میں لائی گئی ہے اور 48 لاکھ 27 ہزار سے زائد جرمانے عائد کئے گئے ہیں۔میٹنگ کے اختتام پر ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب نے تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کے شعبہ حشرات کی آئی ایس او سرٹیفائیڈ لیبارٹریز کا دورہ بھی کیا۔اجلاس میں محمد نواز خاں میکن چیف سائنٹسٹ زراعت ریسرچ فیصل آباد، چوہدری عبدالحمید ڈائریکٹر زراعت (توسیع) فیصل آباد، فیض محمد کندی ڈائریکٹر زراعت (توسیع) سرگودھا، محمد شاہد ڈائریکٹر زراعت (توسیع) ساہیوال، ڈاکٹر عامر رسول ڈپٹی ڈائریکٹر پیسٹ وارننگ، اور ڈاکٹر آصف علی ڈپٹی ڈائریکٹر ریسرچ انفرمیشن فیصل آباد سمیت دیگر افسران نے شرکت کی۔

☆☆☆☆